محترم والدین

اسلام وعلیکم!

میں آپ سب کو مبارک باد پیش کرتی ہوں کہ آپ نے اپنے بچوں کو نور سکول میں بھیجنے کا بہترین فیصلہ کیا، اور ساتھ ہی آپ کو نور سکول کی چند ماہ میں ہونے والی کارکردگی سے بھی کو مطلع کرنا چاہتی ہوں ۔

سیرت النبی ﷺ کا پروگرام بہت ہی کامیاب رہا جس میں بچوں نے خود ہی پروگرام تیار کیے اور بہت ہی اچھے انداز میں پیش کیے ۔ اور اب بچوں کے لیے تجوید پڑھانے کے لیے بھی اساتذہ کا بندوبست کیا گیا ہے اور الحمدوللہ اب نور سکول کے بچے تجوید کے ساتھ قرآن پڑھ رہے ہیں ۔۔۔۔۔

میں آپ کی توجہ سکول کے مالی حالات کی طرف بھی دلانا چاہتی ہوں، چونکہ ہمیں سکول کی عمارت کا کرایہ ادا کرنا ہوتا ہے، اس کے علاوہ ٹیچنگ میٹریل کے حصول کے لیے بھی ہمیں سکول کے بیت المال کو مضبوط بنانے کی کوشش کرنی ہے جس کے لیے ہمیں ٹھیک ٹھاک مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، اس سلسلے کچھ والدین کی طرف سے ہمیں مستقل مدد ملتی ہے، لیکن امید ہے کے مزید والدین بھی اس سلسلے میں ہماری مدد کریں گے ۔ یاد رہے نور سکول اپنی مدد آپ چلنے والا منصوبہ ہے ۔ اس کے ذریعے اللہ تعالی نے ہمیں اور آپ کو اس کی راہ میں عملی طور پر جدوجہد کرنے کا ذریعہ بنایا ہے ۔ اللہ تعالی ہماری اور آپ کی ان کوششوں میں برکت ڈالے اور انہیں قبول فرمائے، اور ہم سب کو اس صدقہ جاریہ میں سبقت لے جانے کی توفیق عطا کرے، آمین ۔

کون ہے جو اللہ کو قرض حسنہ دے، پھر وہ اسے اس کے لیے بڑھا دے، اور اس کے لیے عمدہ اجر ہے اس دن آپ ایمان والوں اور ایمان والیوں کو دیکھیں گے کہ ان کا نور ان کے آگے اور ان کے دائیں دوڑتا ہوگا ۔ ( کہا جائیگا ) آج تمہیں ایسے باغات کی بشارت ہے جن کے نیچے نہریں جاری ہیں، وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے یہی بہت بڑی کامیابی ہے ۔ (الحدید ۱۱)

سکول کے تعلیمی معیار کو مزید موئثر اور منظم بنانے کے لیے ٹائم ٹیبل بنایا گیا ہے، اس سلسلے میں بھی آپ کے تعاون کی ضرورت ہے کے آپ اپنے بچوں کو وقت پر سکول بھجیں اور بچوں کو ریگولر سکول بھیجنے کی کوشش کریں، اس سے بچے خود بھی اور ہمارا سلسلہ بھی متاثر ہوتا ہے ۔ آپ اپنے مشوروں سے آگاہ کرتے رہا کریں، اور جو کمی محسوس ہو بروقت اس سے آگاہی دیا کریں ۔ سکول اب 13:00 بجے کے بجائے 13:30 بجے شروع ہوگا ۔ سکول کا ٹائم ٹیبل بھی آپ کو ارسال کر رہے ہیں تا کہ آپ کو بچوں کو وقت پر سکول بھیجنے میں آسانی ہو ۔۔۔۔

﴿جزاک اللہ﴾

انتظامیہ نور سکول